# کراچی ٹمبر مرچنٹس گروپ

ساہووالا چیمبر، صدیق وہاب روڈ کراچی، پاکستان

## سیکرٹری رپورٹ

محترم جناب صدر صاحب، مینیجنگ کمیٹی کے اراکین
اور گروپ کے تمام معزز اراکین!

یہ میرے لئے انتہائی اعزاز اور شکر کا مقام ہے کہ میں سال 16-2015 کے دوران بھی اس ادارے کا اعزازی جنرل سیکرٹری رہا، میں اللہ تعالیٰ کا انتہائی شکر گذار ہوں کہ اُس نے میری رہنمائی فرمائی اور میرے لئے یہ ممکن بنایا کہ میں اپنی تمام تر صلاحیتیں اس ادارے کی ترقی اور اس کے تمام ممبران کی خدمات کے لئے استعمال کرسکوں۔

اس پورے سال کے دوران بھی میری پوری کوشش رہی کہ تمام تر معاملات خوش اسلوبی سے حل ہوں جس کیلئے مجھے میرے ساتھیوں صدر اور مینیجنگ کمیٹی کے تمام اراکین کا تعاون حاصل رہا جس کے نتیجے میں تمام معاملات میں بہترین نتائج حاصل ہوئے۔ میری ہمیشہ کوشش رہی کہ مینیجنگ کمیٹی کسی بھی معاملے میں جو فیصلہ کرے اس پر مکمل طریقے سے عمل درآمد ہو۔ میں انفرادی طور پر بھی گروپ کے اراکین سے ملاقات کیلئے ہر وقت حاضر رہا کہ اگر کسی کو کوئی مشورہ یا تعاون درکار ہو تو میں اس کی رہنمائی کرسکوں اور اسکی مشکل کا حل نکال سکوں۔

اس پورے دورانئے کے دوران ہونے والے تمام معاملات کی تفصیل آپ معزز ممبران کی دلچسپی کے لئے درج ذیل ہے۔

گروپ کے معاملات کو منظم رکھنے کیلئے اس سال صرف 7 میٹنگ ہی منعقد کی جاسکیں جو کہ آئین کی دفعہ 47 کی خلاف ورزی ہے لیکن اس پورے دورانئے میں کسٹم ویلیوایشن کے مسائل درپیش رہے جس کی مشاورت کیلئے ہارڈ ووڈ سوفٹ ووڈ اور MDF کے امپورٹرز کی متعدد میٹنگز منعقد کی جاتی رہیں اس کے علاوہ کسٹم ویلیوایشن کے حوالے سے ایک جنرل باڈی اجلاس بھی جناب مختار ڈوسانی کے گودام میں منعقد کیا گیا۔ تمام مینیجنگ کمیٹی کی میٹنگز میں شرکاء کی تعداد حوصلہ افزا رہی، تمام ہی اراکین نے گروپ کے معاملات پر ہونے والی میٹنگز میں اپنا بھرپور حصہ ڈالا اور ہم سب نے وہ فیصلے کئے جو کہ گروپ کے مفاد میں تھے۔ ذیل میں میٹنگ میں شرکاء کی تعداد درج ہے۔

**(الف) میٹنگز میں شرکاء کی تعداد:**

| | حاضر | غیر حاضر | درخواست | فیصد |
|---|---|---|---|---|
| ۱۔ پہلی معمول کی میٹنگ 19-10-2015 | 8 | - | 5 | 62% |
| ۲۔ دوسری معمول کی میٹنگ 31-12-2015 | 10 | 1 | 3 | 71% |
| ۳۔ تیسری معمول کی میٹنگ 26-01-2016 | 11 | 1 | 3 | 73% |
| ۴۔ چوتھی معمول کی میٹنگ 14-04-2016 | 9 | 4 | 2 | 60% |
| ۵۔ پانچویں معمول کی میٹنگ 02-06-2016 | 7 | 1 | 7 | 46% |
| ۶۔ چھٹی معمول کی میٹنگ 31-08-2016 | 10 | - | 5 | 67% |
| ۷۔ ساتویں معمول کی میٹنگ 21-09-2016 | 10 | 2 | 3 | 67% |

**(ب) مینیجنگ کمیٹی کے اراکین کی حاضری**

| مینیجنگ کمیٹی کے رکن کا نام | حاضر | غیر حاضر | درخواست | فیصد |
|---|---|---|---|---|
| ۱۔ جناب سلیمان سومرو | 6 | - | 1 | 86% |
| ۲۔ جناب زاہد حسین پیرانی | 7 | - | - | 100% |
| ۳۔ جناب عبدالحمید بگلا | 7 | - | - | 100% |
| ۴۔ جناب سید دلاور حسین | 5 | - | 2 | 71% |
| ۵۔ جناب سید محمد تقی | 5 | - | 2 | 71% |
| ۶۔ جناب مقصود احمد | 6 | - | 1 | 86% |
| ۷۔ جناب حاجی حسین خان ترک | 5 | 2 | - | 71% |
| ۸۔ جناب حاجی عثمان جعفرانی | 3 | - | 4 | 43% |
| ۹۔ جناب مزمل احمد | 4 | 2 | 1 | 57% |
| ۱۰۔ جناب عبدالشکور | 4 | 1 | 2 | 57% |
| ۱۱۔ جناب قطب الدین جوڑیا والا | 1 | - | 6 | 14% |
| ۱۲۔ جناب منصور احمد کادوانی | 2 | 2 | 3 | 29% |
| ۱۳۔ جناب عزیز اللہ | 2 | 1 | 4 | 29% |
| ۱۴۔ جناب مشتاق ولی محمد | 6 | - | - | 100% |
| ۱۵۔ جناب مختار حسین ڈوسانی | 2 | 1 | 2 | 40% |

## نئے ممبران کی شمولیت:

سال 2015-2016 کے دوران ممبر شپ کیلئے 7 نئی درخواستیں گروپ کو موصول ہوئیں۔ گروپ کی مینیجنگ کمیٹی نے تمام درخواستوں کو قبول کرتے ہوئے ان سب کو ممبر شپ دے دی۔

## تعزیت:

سال 2015-2016 کے دوران درج ذیل افراد اس دارِفانی سے کُوچ کر کے اپنی ابدی منزل کی طرف روانہ ہوئے:

۱۔ میسرز ابراہیم کھربے اینڈ سنز کے جناب ابراہیم کھربے

۲۔ گروپ کے لاء اینڈ آرڈر کے کلیکٹر جناب عمران سومرو کے والد

۳۔ جناب حنیف سفیدا کی اہلیہ

۴۔ میسرز عبدالشکور برادرز کے جناب عبدالشکور کلر کی والدہ

۵۔ میسرز شبیر ٹمبر مارٹ کے جناب شبیر، منصور اور محمد جوڑیا والے کی والدہ

۶۔ میسرز محمد ایوب عثمان ٹمبر مارٹ کے جناب ایوب گھانچی کی والدہ

۷۔میسرز حاتمی انٹر پرائزز کے جناب بلال اعظم پیپڑی کے بھائی

۸۔میسرز حسن علی نور بھائی کے مینیجر جناب سلیمان شاہ کی اہلیہ

۹۔میسرز محمد عمران ٹمبر مارٹ کے جناب عمر خان کی والدہ

۱۰۔میسرز عباسی ٹریڈنگ کے جناب ڈاکٹر فیروز حکیم الدین

۱۱۔نیپئر تھانے کے اے ایس آئی اور ٹمبر مارکیٹ کے سیکورٹی انچارج جناب تنویر مغل کی والدہ

۱۲۔میسرز جی آر ٹریڈرز کے جناب جاوید کی ہمشیرہ

۱۳۔میسرز الکرم کے جناب محمد یاسین ویرانی کے والد

۱۴۔میسرز نبیہ ووڈ مارٹ کے جناب اسماعیل صاحب کی بھابھی

۱۵۔میسرز داتا ٹمبر مارٹ کے جناب عارف داتا کے والد

۱۶۔میسرز ایچ بی اینڈ سنز کے جناب عبدالحمید بگلا کی بھابھی

۱۷۔میسرز حاجی شوکت داناوالا کے جناب شوکت حسین اسماعیل داناوالا کی اہلیہ

۱۸۔میسرز حسن علی نور بھائی کے مینیجر جناب سلیمان شاہ

اللہ پاک ان تمام افراد کے لواحقین کو صبر دے اور اس عظیم نقصان کو برداشت کرنے کا حوصلہ دے اور مذکورہ بالا افراد سمیت جتنے بھی افراد ایمان کی حالت میں اس دنیا سے رخصت کر گئے ہیں ان تمام مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام نصیب فرمائے۔آمین

## اہم واقعات:

ا۔ہمارے معزز ممبر میسرز حاجی شوکت داناوالا اور میسرز شاہی ٹریڈرز کا 2 مختلف واقعات میں کراچی سے باہر جاتے ہوئے مال اغواء ہو گیا تھا جسے ہمارے گروپ کے نائب صدر جناب زاہد حسین پیرانی نے ذاتی دلچسپی لیتے ہوئے اور اپنے تعلقات کو بروئے کار لاتے ہوئے برآمد کرایا۔اس کے علاوہ اسٹیل مارکیٹ کے تاجر کا بھی مال سے لدا ہوا ایک ٹرک اغواء ہو گیا تھا جس کی برآمدگی کیلئے متاثرہ تاجر نے کراچی ٹمبر مرچنٹس گروپ سے رابطہ کیا، جناب زاہد حسین پیرانی نے اس معاملے میں بھی پوری جانفشانی کے ساتھ محنت کی اور پولیس کے ساتھ مل کر مختلف علاقوں میں چھاپے مار کر اغواء شدہ مال برآمد کرایا جو کہ بلاشبہ کراچی ٹمبر مرچنٹس گروپ کی کامیابی ہے۔

۲۔کسٹم افسر کے ناروا سلوک کے خلاف احتجاجاً کراچی ٹمبر مرچنٹس گروپ کی جانب سے 15 جولائی 2016 بروز جمعہ کو ہڑتال کی گئی جسے مارکیٹ کے تاجروں نے مکمل طور پر اتحاد و یکجہتی کا ثبوت دیتے ہوئے اپنے کاروبار بند کر کے کامیاب کرایا۔

۳۔کراچی ٹمبر مرچنٹس گروپ کے نائب صدر جناب زاہد حسین پیرانی کو سال 16-2015 اور 17-2016 کیلئے کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی لاء اینڈ آرڈر کمیٹی کا وائس چیئرمین منتخب کیا گیا۔اس کے علاوہ کراچی ٹمبر مرچنٹس گروپ کی مینیجنگ کمیٹی کے معزز رکن جناب منصور احمد کادوانی بھی سال 17-2016 کیلئے کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی مینیجنگ کمیٹی کے رکن کے طور پر منتخب ہوئے۔گروپ کے ان 2 معزز اراکین کا ملک کی اہم ترین ٹریڈ باڈی کے عہدے پر تعینات ہونا ہم سب کیلئے انتہائی اعزاز کی بات ہے۔

۴۔کراچی ٹمبر مرچنٹس گروپ کی امپورٹ سب کمیٹی اپنے فرائض نہایت خوش اسلوبی سے سرانجام دے رہی ہے، کمیٹی کی معاونت سے کسٹم حکام نے ہارڈ ووڈ اور سوفٹ ووڈ کی ویلیوایشن کا معاملہ نہایت خوش اسلوبی سے حل کیا، اس کمیٹی کی سربراہی جناب مشتاق ولی محمد کے پاس ہے جبکہ انکی معاونت ہمارے معزز رکن جناب مزمل احمد کرتے ہیں۔

۵۔مارکیٹ کی سڑکوں کی خستہ حالی، سیوریج کے ناقص نظام کی درستگی، سید محمود شاہ روڈ پر واقع نالے کی صفائی، اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب اور دیگر مسائل کے حل کیلئے کمشنر کراچی، ڈپٹی کمشنر سائوتھ اور دیگر متعلقہ حکام کے ساتھ گروپ کے صدر جناب سلیمان سومرو، اعزازی جنرل سیکریٹری جناب عبدالحمید بگلا اور دیگر اراکین مینیجنگ کمیٹی نے ان کے آفس جا کر متعدد ملاقاتیں کیں اور کئی خطوط بھی لکھے لیکن اعلیٰ حکام ہمیں صرف یقین دہانیاں ہی کراتے رہے۔

## گروپ آفس کا دورہ کرنے والے معزز مہمانان گرامی:

۱۔ایف بی آر کے اعلیٰ افسران نے 19 اکتوبر 2015 کو گروپ آفس کا دورہ کیا جس کے بعد ایف بی آر کی جانب سے گروپ آفس میں تاجروں کو ٹیکس سرکل میں شامل کرنے کیلئے اور انکی رہنمائی کیلئے ایک ماہ کیلئے بیس کیمپ قائم کیا گیا تھا۔

۲۔کے الیکٹرک فشری زون کے جنرل مینیجر جناب سولنگی صاحب نے 04 نومبر 2015 کو اپنی ٹیم کے ساتھ گروپ آفس کا دورہ کیا۔

۳۔امریکی سفارت خانے کے عہدیدار جناب راشد راجا صاحب نے مئی 2016 میں امریکہ میں منعقد ہونے والے فیلوشپ پروگرام میں ٹمبر مارکیٹ کے ممبران کی شرکت کے حوالے سے 30 نومبر 2015 کو گروپ آفس کا دورہ کیا۔اس پروگرام میں ٹمبر مارکیٹ کے مختلف ممبران نے شرکت کی۔

۴۔کینیڈین سفارت خانے کی ٹریڈ کمشنر مس ایلیسن اسٹیوارٹ نے 08 دسمبر 2015 کو ٹمبر مارکیٹ کے تاجروں سے ملاقات کیلئے گروپ آفس کا دورہ کیا۔

۵۔کے الیکٹرک فشری زون کے نئے جنرل مینیجر جناب شفقت عباسی صاحب نے 08 مارچ 2016 کو اپنی ٹیم کے ساتھ گروپ آفس کا دورہ کیا اور انہوں نے مارکیٹ میں بجلی کے حوالے سے درپیش مسائل حل کرنے کی یقین دہانی کرائی اور متعدد ممبران کی شکایات کا بروقت ازالہ بھی کیا۔

## مارکیٹ میں امن وامان کی صورتحال:

کراچی ٹمبر مرچنٹس گروپ کی لاء اینڈ آرڈر کمیٹی مینیجنگ کمیٹی کے اراکین کی نگرانی میں نہایت احسن انداز میں اپنے فرائض سرانجام دے رہی ہے،جس کیلئے ہمیں تمام اراکین اور ان افراد اور اداروں کا بھی تعاون حاصل ہے جو کہ گروپ کے رکن نہیں ہیں لیکن ان کا مفاد مارکیٹ کے امن وامان سے وابستہ ہے جس میں بیشتر بینک بھی شامل ہیں۔یہ بات بھی پیش نظر رہے کہ لاء اینڈ آرڈر کے حوالے سے جو گروپ کا سیکورٹی سسٹم کام کررہا ہے اس میں زیادہ تر تعاون مارکیٹ میں موجود بینک کر رہے ہیں۔مارکیٹ میں واقع سنیری بینک میں ڈکیتی کی واردات کو ناکام بنانے میں ٹمبر مارکیٹ کی سیکورٹی موبائل نے اہم کردار ادا کیا۔اس کے علاوہ ابیگل روڈ پر واقع میمن پلازہ کے قریب ڈکیتی کی واردات کے دوران ٹمبر مارکیٹ کی سیکورٹی موبائل نے بہادری کے ساتھ مقابلہ کیا۔اس پورے دورانئے کے دوران مارکیٹ میں امن وامان کو بحال رکھنے کیلئے قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ بذریعہ خط بھی اور ملاقاتوں کے ذریعہ بھی رابطہ رہا۔اس سال کے دوران رینجرز ونگ 62 کے ونگ کمانڈر جناب کرنل شاہد صاحب نے گروپ آفس کا دورہ کیا۔اس کے علاوہ ایس پی سٹی میڈم شہلا قریشی صاحبہ نے بھی گروپ آفس کا دورہ کیا۔

## سالانہ عیدملن تقریب:

ہر سال کی اس سال بھی کراچی ٹمبر مرچنٹس گروپ کی جانب سے 05 شوال 1437 ہجری بروز پیر کو سومرو جماعت خانہ،سومرو گلی،کراچی میں سالانہ عیدملن پارٹی کا اہتمام کیا گیا تھا،جس میں بیشتر اراکین نے شرکت کی۔فخر پاکستان،بابائے خدمت مرحوم عبدالستار ایدھی کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے کراچی ٹمبر مرچنٹس گروپ کی جانب سے منعقد ہونے والی عیدملن تقریب کو دعائیہ تقریب میں تبدیل کر دیا گیا۔صدر، جنرل سیکرٹری اور مینیجنگ کمیٹی کے تمام اراکین کی جانب سے شرکاء کا استقبال کیا گیا،آخر میں شرکاء کی ریفریشمینٹ سے تواضع کی گئی۔اس تقریب کے تمام تر انتظامات گروپ کے نائب صدر جناب زاہد حسین پپرانی نے گروپ کے اسٹاف کی معاونت سے کئے تھے۔

## حرف آخر:

آخر میں،میں گروپ کے تمام اسٹاف،صدر صاحب اور مینیجنگ کمیٹی کے تمام اراکین کے تعاون وخدمات کا اعتراف کرتے ہوئے ان کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں۔

اپنی رپورٹ ختم کرنے سے پہلے میں تمام اراکین سے اپیل کرتا ہوں کہ تمام اراکین گروپ کے اجتماعی مفاد کیلئے آگے آئیں اور بڑھ چڑھ کر گروپ کے کاموں میں حصہ لیں۔الحمدللہ گروپ کے 75 سال مکمل ہونے پر گروپ کی مینیجنگ کمیٹی کی جانب سے سوینئر کے اجراء اور عشائیہ (ڈنر) کا ارادہ ہے،جس کے لئے آپ تمام اراکین کا تعاون درکار ہوگا۔اللہ تعالیٰ سے دعا کریں کہ وہ ہمارے اندر باہمی تعاون اور ایک دوسرے کیلئے قربانی کا جذبہ پیدا فرمائے تاکہ ہمارا یہ گروپ مزید سے مزید ترقی کرتا جائے۔